# ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کے بقیہ میچز سے متعلق پی سی بی اور فرنچائزز مالکان کا اجلاس

**لاہور، 19 مئی 2021ء:**

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کے بقیہ میچز کے جون میں انعقاد سے متعلق پاکستان کرکٹ بورڈ کے عہدیداران اور تمام چھ فرنچائزز کے نمائندگان کا آن لائن اجلاس بدھ کی سہ پہر کو منعقد ہوا۔

پی سی بی نے اجلاس میں شریک فرنچائزز کے نمائندگان کو ایونٹ کے بقیہ میچز کے انعقاد سے متعلق معاملات پر ہونے والی پیشرفت سے متعلق آگاہ کیا، جہاں متفقہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ بقیہ میچز کے انعقاد سے متعلق کسی بھی حتمی فیصلے تک پہنچنے کے لیے جمعرات کو یو اے ای ٹائم کے مطابق دفتری اوقات کے اختتام تک کا انتظار کیا جائے گا۔

**وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:**

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان کا کہنا ہے کہ آج کے آن لائن اجلاس میں ہم نے تمام ٹیموں کے مالکان کو اپ ڈیٹ کیا ہے کہ پی سی بی کو بتایا گیا ہے کہ لیگ کے بقیہ میچز کے انعقاد کے لیے یو اے ای میں موجود متعلقہ حکام کی طرف سے منظوری مل گئی ہے تاہم اب بھی چند معاملات پر ہمیں وضاحت درکار ہے جو جمعرات کو کس بھی وقت تک ملنے کا امکان ہے۔

وسیم خان کا کہنا ہے کہ ٹیم مالکان نے اتفاق کیا ہے کہ اگر پی سی بی کو ان معاملات پر جمعرات تک وضاحت نہیں ملتی تو پھر ایونٹ کے بقیہ میچز کو ملتوی کرنے کے علاوہ کوئی آپشن باقی نہیں رہتا۔

انہوں نے کہا کہ اس دوران ہم یو اے ای کی حکومت اور ایمریٹس کرکٹ بورڈ سے رابطے میں رہیں گے کیونکہ وہ بھی لیگ کے بقیہ میچز کو یو اے ای میں مکمل کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4